سوال

(59)اگر کسی کو کوئی شخص نماز پڑھنے سے یا اور کسی طرح یادالٰہی سے رو کے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی کو کوئی شخص نماز پڑھنے سے یا اور کسی طرح یادالٰہی سے رو کے تو روکنے والے کو اللہ نے قرآن میں بڑا ظالم اور اس کے واسطے دنیا میں رسوائی اور آخرت میں عذاب سخت کا حکم کیا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص کسی کو مسجد میں نماز پڑھنے سے یا یادالٰہی سے بغیر وجہ شرعی کے رو کے اس کو اللہ تعالیٰ نے ظالم کہا ہے اور عذاب سخت کا موعود ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 183

محدث فتویٰ